ماہانہ خبر نامہ
# انجمن خُدّامُ القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

شمارہ نمبر: 13

فروری 2020ء بمطابق جمادی الثانی ۱۴۴۱ھ

زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔

## فرمانِ الٰہی

قُلۡ هَلۡ نُنَبِّئُكُم بِالۡاَخۡسَرِيۡنَ اَعۡمَالًا ‎ اَلَّذِيۡنَ ضَلَّ سَعۡيُهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَهُمۡ يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ يُحۡسِنُوۡنَ صُنۡعًا اُولٰۤـئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَلَا نُقِيۡمُ لَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَزۡنًا

(سورۃ الکھف آیات 103 تا 105)

کہیئے کہ ہم تمہیں بتائیں جو عملوں کے لحاظ سے بڑے نقصان میں ہیں وہ لوگ جن کی سعی دنیا کی زندگی میں برباد ہوگئی اور وہ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ اچھے کام کر رہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں اور اسکے سامنے جانے سے انکار کیا تو ان کے اعمال ضائع ہوگئے اور ہم قیامت کے دن ان کے لیے کچھ بھی وزن قائم نہیں کریں گے۔

## فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَعَنِ الۡمُسۡتَوۡرِدِ بۡنِ شَدَّادٍ رَضِىَ اللهُ عَنۡهُ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللهِ صلّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّم ‎ مَا الدُّنۡيَا فِى الآخِرَةِ إِلاَّ مِثۡلُ مَا يَجۡعَلُ أَحَدُكُمۡ إِصۡبَعَهُ فِى الۡيَمِّ فَلۡيَنۡظُرۡ بِمَ يَرۡجِعُ" (رواہ مسلم)

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا دنیا کی مثال آخرت کے مقابلے میں ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنی انگلی دریا میں ڈبوتا ہے تو وہ دیکھے انگلی کتنے پانی کے ساتھ واپس آئی"۔

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ فروری 2020 کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہو گا۔ آمین

قارئین محترم قرآن حکیم نے انسان کی تمام تر نافرمانی، غفلت، معصیت اور آخرت کے حوالے سے بے یقینی اور شک وشبہ کی جو وجہ بیان کی ہے وہ دنیا کی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں ترجیح دینا ہے۔ یہی دنیا کی زندگی کی ترجیح ہے جو انسان کو اس کے اصل مقصد یعنی اللہ کی رضا اور اخروی نجات سے غافل کرتی ہے اور انسان ابدی خسارے اور ہلاکت کا شکار ہوتا ہے۔ اسی مضمون کو قرآن حکیم نے بھی اسلوب بدل بدل کر بیان کیا اور نبی کریم ﷺ نے بھی ایسے بے شمار ارشادات میں اس حقیقت کی طرف رہنمائی فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کی تیاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں رجوع الی القرآن کورس کا چھبیسواں بیج الحمدللہ جاری ہے جس میں 95 طلبہ وطالبات نے داخلہ لیا، رواں ماہ میں رجسٹرڈ طلبہ وطالبات کی تعداد 55 اور سامعین وسامعات کی تعداد 10 ہے۔ حلقات ودورات دینیہ (مختصر کورسز) برائے حضرات میں مختلف کورسز جاری ہیں جس میں حلقہ منتخبات علوم دینیہ، رجوع الی القرآن کورس کی تکمیل کرنے والے یا مساوی تعلیم کے حامل طلبہ وطالبات کے لیے علوم دینیہ میں سے منتخب علوم کی تدریس ہر ہفتہ صبح 8:45 تا دوپہر 1 بجے تک۔ ناظرہ کلاس بمع تجوید بعد نماز فجر روزانہ۔ عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان" ہفتہ میں تین دن بروز پیر، بدھ اور جمعرات بعد نماز مغرب، کلاس کا دورانیہ تقریباً 45 منٹ۔ حدیث کلاس بنام "مطالعہ وتفہیم ریاض الصالحین" ہفتہ میں دو دن بروز بدھ اور جمعہ بعد نماز مغرب تا عشاء۔ عربی گرامر کلاس بنام (Lesson Of Arabic Language) کورس ہر اتوار دوپہر 3 بجے تا شام 4 بجے (برائے حضرات وخواتین)۔ حلقات ودورات دینیہ برائے خواتین میں عربی گرامر کورس بنام "قرآن اب آسان" ہفتہ میں دو دن بروز پیر اور جمعرات 3:30 تا 4:30 بجے، تجوید کلاس بنام "ناظرۃ القرآن کورس ہفتہ میں چار دن پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ 3:30 تا 4:30 بجے۔ مسجد میں ہر اتوار کو بعد نماز ظہر درس قرآن کا اہتمام ہے جس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب ادا کرتے ہیں۔ فجر کے بعد مطالعہ سیرۃ النبی ﷺ، ظہر کی نماز کے بعد بیان القرآن کا مطالعہ، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث اور ہر اتوار کو ظہر کے بعد دورہ ترجمہ قرآن کا اہتمام ہوتا ہے۔ مجالسِ نکاح کا انعقاد بھی مسجد میں کیا جاتا ہے رواں ماہ 19 محافلِ نکاح کا انعقاد ہوا۔ الحمدللہ مدرسہ میں تین شعبہ جات قائم ہیں شعبہ حفظ، ناظرہ اور قاعدہ جس میں کثیر تعداد میں طلبہ و طالبات قرآن حکیم پڑھنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔ Live Deen کے زیر اہتمام حسن قراءت کے پروگرام میں مدرسہ ہٰذا سے شعبہ حفظ کے ایک طالب علم نے حصہ لیا۔ اسٹاف کی دینی واخلاقی تربیت کے لیے روزانہ صبح 9:10 تا 9:30 کلاس کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں درس قرآن، درس حدیث، سیرت النبی ﷺ، نماز کے مسائل، آداب زندگی اور قصص الانبیاء کے موضوعات پر گفتگو ہوتی ہے۔ پنو عاقل کیڈٹ کالج کے پرنسپل جناب کرنل جاوید علیم صاحب نے دورہ فرمایا اسٹاف واساتذہ سے ملاقات کی مدیر ادارہ کے ساتھ بھی نشست رہی۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں رجوع الی القرآن کورس کی تدریس الحمدللہ جاری ہے۔ اس ماہ کے آغاز پر 40 طلبہ اور 4 سامع جبکہ 47 طالبات اور 4 سامعات حصول علم کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ میں الحمدللہ 87 طلبہ کرام حفظ کی سعادت حاصل کررہے ہیں جبکہ ناظرہ میں 25 طلبہ زیر تعلیم ہیں جبکہ درجہ قاعدہ میں 66 طلبہ اور 50 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ گزشتہ ماہ ادارہ Live Deen کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قراءت کا انعقاد کیا گیا ادارے کی طرف سے دو طلبہ کرام کی رجسٹریشن کرائی گئی الحمدللہ دونوں طلبہ کرام کی باقاعدہ سلیکشن ہوئی اور 26 جنوری 2020 بروز اتوار میریٹ ہوٹل میں دونوں طلبہ کرام نے اپنی قراءت پیش کیں۔ علاوہ ازیں جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کراچی کے تحت مسابقہ کامل الحفظ میں بھی ایک طالب علم کی رجسٹریشن کرائی گئی۔ ہفتہ وار حفاظ طلبہ کے لیے خلاصہ مضامین قرآن کی تدریس جاری ہے جناب قاری فضل علیم صاحب تدریس فرمارہے ہیں۔ ماہ رواں میں طلبہ وطالبات کے لیے ایک تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ کو نماز کی عملی مشق بھی کرائی گئی۔ رہائشی خادمین اور اہل محلہ کے لیے ناظرہ قرآن حکیم کا مدرسہ الحمدللہ قائم ہے جس میں جناب قاری رفیق الاسلام صاحب اور امام مسجد جناب مولانا عبدالحسین صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ Active Sunday کے عنوان سے "عربی گرامر برائے قرآن فہمی" برائے حضرات وخواتین اور "مطالعۂ حدیث (کتاب الآداب اور کتاب الرقاق)" کی تدریس الحمدللہ جاری ہے اوقات صبح 10 بجے تا دن 12 بجے تک ہیں۔ الحمدللہ عربی زبان کے بنیادی قواعد وضوابط اور ان کے اجراء کے لیے ہر ہفتہ "دروس اللغۃ العربیۃ جزدوم کورس میں تدریس جاری ہے تدریس کے اوقات ہر ہفتہ صبح 9 بجے تا دن 11 بجے تک ہیں جبکہ تدریس کے فرائض جناب استاذ عاطف محمود صاحب انجام دے رہے ہیں۔ الحمدللہ خادمین کی دینی واخلاقی تربیت کے لیے روزانہ مختصر دورانیہ کی کلاس دینی تربیت برائے خادمین کے نام سے ترتیب دی گئی ہے تدریس کے اوقات پیر تا جمعرات اور ہفتہ صبح 10 تا 10:15 ہیں جس میں جناب عاطف محمود صاحب، جناب جمیل احمد صاحب، جناب توحید خان صاحب اور جناب حافظ اسد صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

الحمدللہ طلبہ کی عملی مشق کے لیے روزانہ بعد نماز ظہر مختصر درس قرآن وحدیث کا اہتمام ہے۔ مسجد میں بعد نماز عصر مختصر درس حدیث کا بیان ہوتا ہے جس میں

معارف الحدیث کا مطالعہ کرایا جارہا ہے تدریس کی ذمہ داری امام مسجد جناب عید الحسین صاحب ادا فرمارہے ہیں۔ الحمدللہ گزشتہ تین ماہ سے نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کے فارغ التحصیل طلبہ کے لیے حلقہ حفظ کا آغاز کیا گیا ہے جس کے اوقات کار صبح 8 تا 9 ہیں، استاذ حافظ اسد صاحب اس حلقہ میں استاذ کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔ مسجد میں پانی کی کمی کو دور کرنے کے لئے بورنگ کرئی گئی ہے اور اب RO پلانٹ کی تنصیب کا ارادہ ہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس کے چوتھے بیج میں تدریس کا سلسلہ الحمدللہ جاری ہے۔ تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت شام کے اوقات میں بعد نماز عشاء عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں۔ مدرسۃ القرآن قرآن اکیڈمی کورنگی میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ مدرسۃ البنین کے حفظ القرآن میں 24 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 92 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اسی طرح بنات میں 110 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ جبکہ خواتین میں تجوید القرآن کی کلاس میں 35 خواتین زیر تعلیم ہیں۔ قرآن اکیڈمی کورنگی سے متصل جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء ہفتہ وار درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دیتے ہیں۔ ادارہ کے تحت مجالسِ نکاح کا انعقاد بھی ہوتا ہے جس میں اصلاحِ معاشرہ کے حوالے سے مختصر بیان بھی کیا جاتا ہے۔ تنظیم اسلامی کورنگی شرقی شعبۂ خواتین کے تحت ماہانہ درسِ قرآن "اخلاقِ حسنہ میں عفو و درگزر کی اہمیت" کے موضوع پر منعقد کیا گیا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کے علاوہ ہفتہ وار منتخبات علوم دینیہ برائے حضرات، دروس اللغۃ العربیہ برائے خواتین و حضرات اور بچیوں کے لئے ہفتہ وار تربیتی کورسز شامل ہیں۔ ان تمام کورسز میں تقریباً 150 سے زائد طلبہ وطالبات شریک ہورہے ہیں۔ اس کے علاوہ شام کے اوقات میں آسان عربی گرامر، تجوید القرآن اور ترجمہ قرآن کے حلقہ منعقد ہورہے ہیں۔ مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں خطاب جمعہ میں سیرت النبی ﷺ کی کتاب تجلیات نبوت کا مطالعہ جاری ہے۔ مسجد ہی میں حلقہ بالغاں برائے تجوید بعد نماز فجر منعقد ہوتا ہے جبکہ آداب المعاشرت کا مطالعہ بعد ظہر جناب ایاز ایوب صاحب اور مسائل العبادات کا مطالعہ بعد عصر جناب قاری غلام اکبر صاحب کروارہے ہیں۔ بعد نماز فجر بروز اتوار ہفتہ وار نشست برائے مطالعہ خلاصہ مضامین قرآن شروع کی گئی ہے۔ مدرسۃ القرآن میں قاعدہ و ناظرہ کی تدریس دوپہر 3 بجے سے ہوتی ہے۔ بچوں کو نماز، دعائیں اور دیگر آداب زندگی سکھانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں الحمدللہ صبح کے اوقات میں حضرات و خواتین کے لیے رجوع الی القرآن کورس سالِ اول کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ بھی جاری ہے جس میں قاری صاحب بچوں کو ناظرہ قرآن اور مفتی صاحب بچوں کی اخلاقی تربیت کا اہتمام فرماتے ہیں۔ بعد نمازِ عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ جاری ہے جس میں بڑی عمر کے حضرات کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام ہوتا ہے۔ بروزاتوار دوپہر 11 تا 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا صاحب ادا کر رہے ہیں۔ بروز جمعہ مغرب تا عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب فاروق ناغڑ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ بروز اتوار بعد نمازِ عشاء بھی درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب سعد عبد اللہ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ 11 جنوری 2020 سے نئے شارٹ کورس کا آغاز کیا گیا ہے جس کا نام اللغۃ العربیۃ کورس ہے دورانیہ: 3 ماہ اور تدریس کے اوقات بروز ہفتہ اور اتوار دوپہر 2 تا 4:30 بجے۔ الحمدللہ 50 حضرات اور 42 خواتین اس کورس میں شریک ہیں۔ بروز جمعۃ المبارک مورخہ 24 جنوری 2020 استاذ سعد عبد اللہ صاحب نے مقامی مسجد میں خطبۂ نکاح دیا۔

## قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی مدرسۃ القرآن میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس جاری ہے۔ مدرسۃ البنین کے حفظ القرآن میں 40 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں

56 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ البنات میں 70 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ القرآن طلبہ کی تربیت کے لیے تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا جاتا ہے۔ قرآن مرکز میں تنظیم اسلامی لانڈھی کے تحت شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی تدریس جاری ہے۔ جس میں 7 حضرات اور 14 خواتین شریک ہیں۔ قرآن مرکز لانڈھی میں جمعہ کے دن بعد نماز عشاء 15 روزہ درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض ناظم قرآن مرکز لانڈھی جناب محمد ہاشم صاحب انجام دیتے ہیں جس میں خواتین کے لیے بھی باپردہ شرکت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## دی ہوپ اسلامک اسکول

دی ہوپ اسلامک اسکول میں طلبہ کے درمیان اذان کا مسابقہ منعقد کیا گیا جس میں طلبہ نے بھرپور حصہ لیا۔ اسکول کے اساتذہ کے لیے تربیتی نشست بعنوان ”اچھا استاد کیسے بنا جائے“ منعقد کیا گیا۔ اسکول میں نویں اور دسویں جماعت کے پریلیم امتحانات جاری ہیں۔

## ضرورت ہے

دی ہوپ اسلامک اسکول میں سائنس اور انگلش کے مضامین کی تدریس کے لیے دینی مزاج کے حامل حضرات و خواتین کی ضرورت ہے، خواہش مند حضرات و خواتین اپنے مکمل کوائف کے ہمراہ رابطہ فرمائیں۔

ایڈریس: دی ہوپ اسلامک اسکول، متصل طیبہ مسجد، زمان ٹاؤن کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون: 021-35074664 , 0333-3452946

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس کی تکمیل کرنے والے طلبہ کرام کی تقسیم اسناد

14 جنوری 2020 بروز منگل صبح 10 بجے ”نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس“ کے طلبہ کے لیے تقریب تقسیم اسناد کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں رجوع الی القرآن کورس کے طلبہ و طالبات کا علیحدہ علیحدہ کوئز مقابلہ ہوا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی صدر انجمن جناب سید اظہر ریاض صاحب، مدیر قرآن اکیڈمی یٰسین آباد سید سلیم الدین صاحب اور مدیر قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر جناب ڈاکٹر انوار علی ابرار صاحب تھے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن حکیم اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ مدیر ادارہ سید سلیم الدین صاحب نے ابتدائی کلمات سے باقاعدہ تقریب کا آغاز کیا موصوف نے سورۃ الاعراف آیت 43 کی روشنی میں شکر باری تعالیٰ کی اہمیت کو اجاگر کیا جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی عنایات بندے پر متوجہ ہوتی ہیں۔ انہوں نے قرآن کے ان کورسز سے جڑنے والے طلبہ و طالبات کو مادہ پرستی کے اس دور میں طاغوتی نظام کے لیے ایک کڑی قرار دیا۔ نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس کے مقاصد کے حوالے سے موصوف نے ارشاد فرمایا کہ اس کورس کا مقصد ان نوجوانوں کو قرآن سے جوڑنا ہے جو اپنی دنیاوی تعلیم کے دوران آنے والی تعطیلات کے وقفہ میں دینی علوم حاصل کرنا چاہتے ہوں اس کے بعد طلبہ و طالبات میں علیحدہ علیحدہ کوئز پروگرام کا آغاز ہوا۔ طلبہ و طالبات کو علیحدہ علیحدہ چار گروپس میں تقسیم کرکے ان سے 10-10 سوالات پوچھے گئے جن کے بڑے احسن طریقے سے طلبہ و طالبات نے جواب دیئے۔ صدر انجمن سید اظہر ریاض صاحب نے نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس کے طلبہ میں اسناد تقسیم کیں۔ اس کے بعد نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس کے دو طالب علموں نے اپنے تاثرات پیش کیے۔ مدیر قرآن انسٹیٹیوٹ ڈاکٹر انوار علی ابرار صاحب نے انجمن خدام القرآن کے قیام اور اس کے اغراض و مقاصد کا ایک مختصر خاکہ پیش کیا۔ پروگرام کے آخر میں صدر انجمن جناب اظہر ریاض صاحب نے نوجوان طلبہ و طالبات کے لیے چند رہنما نکات پیش کیے، موصوف نے قرآن حکیم کے حقوق پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ یہی فلاح کا راستہ ہے کہ قرآن حکیم سے تعلق استوار کیا جائے۔ دعا پر اس باوقار تقریب کا اختتام ہوا۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 3 جنوری 2020 بروز جمعہ بعنوان "والدین (کلام الٰہی اور کلام نبوی ﷺ کی روشنی میں)" بعد نماز عشاء مسجد جامع القرآن میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض مرکزی نائب ناظم تعلیم و تربیت تنظیم اسلامی پاکستان و مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

خصوصی محاضرات بعنوان "گھر میں دعوت کا کام کیسے کریں؟" 8 جنوری 2020 کو منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا فرمائی۔

فکر اسلامی کے تحت دو لیکچرز کا انعقاہوا "منہج انقلاب نبوی ﷺ" جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کی جبکہ "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" بانی محترم ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ کی وڈیوز کے ذریعے دکھائے گئے۔

4 جنوری 2020 اور 25 جنوری 2020 بروز ہفتہ شعبہ خواتین میں دو لیکچرز منعقد ہوئے بعنوان Role of women in Islam and upbringing of children اور What is Goodness and how to attain it جس میں تدریس کی ذمہ داری ڈاکٹر فریدہ صاحبہ نے انجام دی۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ درس قرآن و حدیث مورخہ 4 جنوری 2020 بروز ہفتہ بعنوان "ماں باپ (کلام الٰہی اور کلام نبوی ﷺ کی روشنی میں)" بعد نمازِ عشاء مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض مرکزی نائب ناظم تعلیم و تربیت تنظیم اسلامی پاکستان و مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کیے۔

فکر اسلامی بعنوان "اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب سلیم الدین صاحب نے ادا کی۔ جبکہ خصوصی محاضرہ بعنوان "گھر میں دعوت کا کام کیسے کریں؟" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی اور خصوصی محاضرہ بعنوان "میرا گھر میری ذمہ داری" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب کے ذمہ تھی۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر** میں گزشتہ ماہ خصوصی محاضرہ بعنوان "میرا گھر میری ذمہ داری" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا کی، جبکہ فکر اسلامی کے تحت دو لیکچرز بعنوان "منہج انقلاب نبوی ﷺ" اور "ابلیس کی مجلس شوریٰ" منعقد ہوئے جس میں تدریس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے انجام دیئے۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ 28 جنوری 2020 بروز منگل کو خصوصی محاضرہ بعنوان درسِ "قرآن کی تیاری کیسے کریں؟" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری استاذ سعد عبداللہ صاحب نے ادا کی، اس لیکچر میں طلبہ کے ساتھ احباب نے بھی شرکت فرمائی۔

بروز جمعۃ المبارک مورخہ 10 جنوری 2020 کو "نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس" اور "فہم دین ویک اینڈ کورس" کی تقریب تقسیم اسناد بعد نمازِ مغرب منعقد کی گئی جس میں طلبہ و طالبات میں اسناد اور تحائف تقسیم کیے گئے۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ فکر اسلامی کے تحت "جہاد فی سبیل اللہ" کے عنوان سے نشست منعقد کی گئی جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا کی، جبکہ "قرآن اور جہاد" کے عنوان سے لیکچر کا اہتمام کیا گیا جس کی ذمہ داری جناب محمد نعمان صاحب کے ذمہ تھی۔

خصوصی محاضرہ بعنوان "گھر میں دعوت کا کام کیسے؟" کے عنوان سے منعقد کیا گیا جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا فرمائی۔

## اعلانات

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں رواں ماہ خصوصی محاضرہ بعنوان "تزکیۂ نفس" منعقد ہوگا جس میں تدریس کی ذمہ داری استاذ سعد عبداللہ صاحب ادا کرینگے۔ جبکہ فکر اسلامی کے تحت "منہجِ انقلابِ نبوی ﷺ" اور "ابلیس کی مجلسِ شوریٰ" منعقد کیے جائینگے جس میں تدریس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب ادا کرینگے جبکہ "قرآن اور جہاد" کے موضوع پر لیکچر کی ذمہ داری استاذ فاروق پاشا صاحب ادا کرینگے۔

# شعبہ سمع و بصر

## قرآن فورَم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورَم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سر انجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 2 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ رواں ماہ جنوری 2020ء درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

تعلق مع اللہ، دو قومی نظریہ، توبہ: کیا- کیوں- کیسے ؟، آنے والے دور کی تصویر۔

## ماہانہ پروگرام:

ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ایک دعوتی پروگرام کا انعقاد ہوتا ہے جس میں جناب شجاع الدین شیخ صاحب مختلف موضوعات پر خطاب فرماتے ہیں۔ اس سلسلہ میں "والدین: کلامِ الٰہی اور کلامِ نبوی ﷺ کی روشنی میں" کے موضوع پر پروگرام ریکارڈ کیا گیا

## مختصر دورانیہ کے کلپس

محترم جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے مختلف پروگراموں میں سے 88 مختصر دورانیہ کے کلپس علیحدہ کر کے قرآن چینل کے فیس بک پیج پر شیئر کیے گئے۔

## اسلام چینل اردو (UK)

اسلام چینل اردو (UK) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسبِ ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہوتے رہے:

- حقیقت (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 30 منٹ
- تعلیمات قرآن (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ
- پیغام سیرت (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45 منٹ

## اغراض و مقاصد انجمن خدام القرآن، سندھ، کراچی

انجمن خدّام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے قیام کا مقصد منبع ایمان اور سرچشمۂ یقین قرآنِ حکیم کے علم و حکمت کی وسیع پیمانے اور اعلیٰ علمی سطح پر تشہیر و اشاعت ہے۔ تاکہ اُمت مسلمہ کے فہیم عناصر میں تجدید ایمان کی ایک عمومی تحریک برپا ہو جائے اور اس طرح اسلام کی نشاۃِ ثانیہ اور غلبۂ دینِ حق کے دورِ ثانی کی راہ ہموار ہو سکے۔

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کی تاسیس کے وقت کے کردہ اغراض و مقاصد:

☆ عربی زبان کی تعلیم و ترویج؛

☆ قرآن مجید کے مطالعے کی عام ترغیب و تشویق؛

☆ علومِ قرآنی کی عمومی نشر و اشاعت؛

☆ ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت جو تعلّم و تعلیمِ قرآن کو اپنا مقصدِ زندگی بنالیں اور

☆ ایک ایسی قرآن اکیڈمی کا قیام جو قرآنِ حکیم کے فلسفہ و حکمت کو وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر پیش کر سکے۔